تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 11, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم سید عدنان میاں، موقر کھورانا اسکالرشپ دو ہزار پچیس کے لیے منتخب

شعبہ بایوٹکنالوجی، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے انڈر گریجویٹ سال سوم کے طالب عالم سید عدنان میاں نے موقر کھورانا پروگرام برائے اسکالرز دو ہزار پچیس میں منتخب ہوکر جامعہ کا نام روشن کیا ہے۔ یہ انتہائی مقابلہ جاتی اسکالرشپ جسے شعبہ بایوٹکنالوجی (ڈی بی ٹی) حکومت ہند، ہند۔امریکہ سائنس اینڈ ٹکنالوجی فورم (آئی یو ایس ایس ٹی ایف) اور ون اسٹیپ فارورڈ مشترکہ طور پر تعاون دیتے ہیں ممتاز ہندوستانی طلبہ کو امریکہ کے سرکردہ اداروں میں جدید تحقیق کے لیے موقع فراہم کرتی ہے۔

کھورانا اسکالرشپ میں منتخب اسکالروں کو آمد و رفت کا ہوائی جہاز کا کرایہ، وظیفہ اور صحت بیمہ فراہم کرایا جاتا ہے۔اس پروگرام کے حصے کے طور پر عدنان کو مسیسیتس، بوسٹن کے ہارورڈ میڈیکل اسکول سے ملحق بریگم اور وومینس ہاسپٹل میں رکھا گیا ہے جہاں وہ بایومیڈیکل رسرچ کی جدید ترین تحقیق میں اپنا بیش قیمت تعاون دیں گے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی